© rasailojaraid.com



حفیظ تائبؒ

# خیر البشر ﷺ

خوش خصال وخوش خیال وخوش خبر خیر البشر
خوش نژاد وخوش نہاد وخوش نظر خیر البشر

دل نواز و دل پذیر و دل نشین و دل کشا
چارہ ساز و چارہ کار و چارہ گر خیر البشر

حسنِ فطرت، حسنِ موجودات، حسنِ کائنات
نورِ ایقاں ، نورِ جاں، نورِ بصر خیر البشر

سربسر مہر و مروت سربسر صدق و صفا
سربسر لطف و عنایت سربسر خیر البشر

اعتدالِ دین ودنیا اتصالِ جسم و جاں
اندمالِ زخم ہر قلب و جگر خیر البشر

کا رزارِ دہر میں وجہِ ظفر وجہِ سکوں
عرصۂ محشر میں وجہِ درگزر خیر البشر

آدمی کے اوّلیں درد آشنا شاہ ہدیٰ
آگہی کے آخری پیغام بر خیر البشر

خیر ہر ذی روح کی خیر الوریٰ خیر الانام
خیر ہر انسان کی خیر البشر، خیر البشر

اپنی امت کے برہنہ سر پہ رکھ شفقت کا ہاتھ
پونچھ دے انسانیت کی چشمِ تر خیر البشر

رونما کب ہوگا راہِ زیست پر منزل کا چاند
ختم کب ہوگا اندھیروں کا سفر خیر البشر

کب ملے گا ملتِ بیضا کو پھر اوجِ کمال
کب شبِ حالات کی ہوگی سحر خیر البشر

☆......☆......☆

© rasailojaraid.com